صدر شعبہ دوم :۔ راقم الحروف (عبد الحلیم ناظم)

ناظم شعبہ اول :۔ مولوی سید نظیر احسن سہوانی متعلم جماعت ثامنہ

نائب ناظم شعبہ اول :۔ مولوی محمد ایوب ناظم الہ آبادی " " "

ناظم شعبہ دوم :۔ مولوی حافظ عبد الحلیم پرتاب گڈھی متعلم جماعت ثالثہ

نائب ناظم شعبہ دوم :۔ مولوی ضیاء الدین الہ آبادی " " ثانیہ

منصرمین شعبہ اول :۔ مولوی محمد علی۔ مولوی حافظ محمد اسماعیل۔ مولوی الطاف الرحمن متعلمان جماعت سادسہ وخامسہ

منصرمین شعبہ دوم :۔ مولوی عبد النور۔ مولوی حافظ عبد الخالق۔ مولوی بشیر احمد متعلمان جماعت ثانیہ۔ اول۔ ادنی۔

محدث کا سال

جب سے ہم نے ڈاکخانہ میں رسالہ رجسٹرڈ کرایا اسی وقت سے محدث کا حساب انگریزی مہینہ پر رکھا گیا۔ چنانچہ اس کا سال بھی انگریزی ماہ ہی کے اعتبار سے قرار دیا گیا۔ مئی سے ہمیشہ ہمارا سال شروع ہوگا اور اپریل پر ختم ہوگا۔ عربی ماہ کے محرم کا اب ابتدائے سال کیلئے کوئی لحاظ نہیں ہے اسی لئے اس پرچے پر مارچ کی مطابقت کیلئے ذیقعدہ وذی الحجہ دونوں درج ہیں لیکن نمبر ایک ہی ملتا ہے۔ اور آئندہ پرچہ نمبر ۱۲ ہے جو اپریل مطابق محرم کا ہوگا۔ پھر مئی (صفر) سے تیسری جلد شروع ہوگی۔ انشاء اللہ۔

ضروری آگاہی

ابتک ہم انتھک کوششوں سے ناظرین کی تمام شکایات ودیگر فرائض متعلقہ دفتر کی تعمیل باقاعدہ کرتے رہے۔ چنانچہ صرف تبدیل پتہ میں ہر ماہ ہم کو بہت زیادہ وقت صرف کرنا پڑا حالانکہ اس سے محدث کا تبلیغی فائدہ قطعی مدنظر نہیں۔ لہذا تمام ناظرین محدث کی آگاہی کیلئے یہ اطلاع شائع کی جاتی ہے کہ اب ہم ایک پتہ لکھنے اور چھاپنے کے بعد دوسرا پتہ قطعاً نہیں تبدیل کر سکتے۔ اس میں نہ صرف ہمارا وقت بچ جانیکا ہی فائدہ ہے بلکہ ناظرین کا بھی فائدہ ہوسکتا ہے۔ وہ اس طرح کہ تبدیل پتہ کیلئے جو کارڈ وغیرہ خرچ کرکے دفتر میں بھیجتے ہیں اس کی بالکل ضرورت نہ ہوگی۔ جب کوئی صاحب اپنی قدیم جگہ سے کہیں دوسری جگہ جانا چاہیں تو اپنے اس ڈاکخانہ میں نیا پتہ لکھوا دیا کریں تاکہ ڈاکخانہ والے آپ کی تمام ڈاک آپ کی جدید جگہ پر بھیجدیا کریں۔ اس صورت میں آپ کا بھی کارڈ بچ جائیگا اور ہمارے سر سے ایک بہت بڑی مصروفیت اٹھ جائیگی۔ مکرر یہ کہ یہ ایک قطعی اعلان ہے اب آئندہ کوئی پتہ ایک جگہ سے دوسری جگہ ہرگز نہیں بدلا جائیگا۔ ناظرین ہوشیار رہیں۔ مدیر

نوٹ :۔ ناظرین پتہ ہمیشہ صاف اور چٹ نمبر ضرور لکھا کریں۔ منی آرڈر کی کوپن پر بھی پورا پتہ لکھیں۔ برابر پیسہ والے ٹکٹ بھیجیں۔ اس ماہ میں چٹ ۱۰۶۵ تک کے چندے ختم ہوگئے ہیں جن میں صرف دوبارہ بھیجنے والوں کے نام رسالے جاتے ہیں۔ آئندہ کیلئے چٹ ۱۱۵۷ تک کے قارئین میں جنھوں نے ہنوز ٹکٹ نہیں بھیجے وہ جلد بھیجدیں تاکہ رسالہ ان کے نام جاری رہے۔ منیجر